مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

Maulana Azad National Urdu University

Dapartment of B.A

I Semester December- 2023

BNUR101DCT-Urdu Ki Kahani

جملہ نشانات : **35** Maximum. Marks — Time : وقت : **2** Hrs گھنٹے

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات (3) حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں (10) لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے (1) نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں (8) سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی (5) سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً سو (100) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے (4) نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 4 = 20 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5) سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی (3) سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً ڈھائی سو (250) لفظوں پر مشتمل ہے۔ سوال کے لیے (30) نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) قدیم ہند آریائی دور کا آغاز کب سے ہوتا ہے۔

(a) 2000 قبل مسیح (b) 1500 قبل مسیح (c) 1000 قبل مسیح (d) 500 قبل مسیح

(ii) ذیل میں مغربی ہندی کی بولی نہیں ہے۔

(a) کھڑی بولی (b) برج بھاشا (c) قنوجی (d) اودھی

(iii) ''دکن میں اردو'' کے مصنف کون ہیں؟

(a) مسعود حسین خاں (b) مرزا خلیل احمد بیگ (c) سید محی الدین قادری زور (d) نصیر الدین ہاشمی

(iv) ''اتنی بات تو ہر شخص جانتا ہے ک اردو برج بھاشا سے نکلی ہے'' یہ قول کس کا ہے؟

(a) مولانا ابوالکلام آزاد (b) محمد حسین آزاد (c) میر امن (d) سر سید احمد خان

(v) ان میں سے کس کا تعلق فورٹ ولیم کالج سے ہے؟

(a) میر امن (b) محسن الملک (c) شبلی نعمانی (d) الطاف حسین حالی

(vi) خواجہ میر درد کا تعلق کس دبستان سے ہے؟

(a) دہلی (b) لکھنؤ (c) عظیم آباد (d) رام پور

(vii) ''بکٹ کہانی'' کس کی تصنیف ہے؟

(a) میر حسن (b) شاہ اشرف بیابانی (c) افضل پانی پتی (d) جعفر زٹلی

(viii) ''باغ و بہار'' کے مصنف کون ہیں؟

(a) سید حیدر بخش حیدری (b) میر امن (c) میر شیر علی افسوس (d) میر بہادر علی حسینی

(ix) عادل شاہی سلطنت کی بنیاد کس نے رکھی؟

(a) یوسف عادل شاہ (b) ابراہیم عادل شاہ اول (c) اسمٰعیل عادل شاہ (d) علی عادل شاہ اول

(x) ''قطب مشتری'' کے مصنف کون ہیں؟

(a) ملا وجہی (b) ابن نشاطی (c) غواصی (d) نصرتی

حصہ دوم

2. قدیم ہند آریائی دور پر ایک نوٹ لکھیے۔
3. مغربی ہندی کی بولیوں کا مختصر تعارف پیش کیجیے۔
4. اردو کی ابتدا سے متعلق سید سلیمان ندوی کے نظریے پر ایک نوٹ تحریر کیجیے۔
5. امیر خسرو کے بارے میں اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔
6. فورٹ ولیم کالج کا تعارف پیش کیجیے۔
7. ''چکی نامہ'' کیا ہے؟ وضاحت کیجیے۔
8. بہمنی دور کے دو اہم شعرا کا تعارف پیش کیجیے۔
9. ولی دکنی سے متعلق اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔

حصہ سوم

10. اردو زبان کے آغاز وارتقا کے مختلف نظریات کا جایزہ لیجیے۔
11. دکنی شاعری کے ارتقا میں قطب شاہی اور عادل شاہی دور کے شعراء کی خدمات بیان کیجیے۔
12. شمالی ہند میں اردو کے ابتدائی دور پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔
13. قدیم دہلی کالج کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجیے۔
14. مثنوی ''بکٹ کہانی'' کا خلاصہ بیان کیجیے۔

☆☆☆